ACADEMIA International Journal for Social Sciences
Volume 4, Issue 3, 2025 ISSN-L (Online): 3006-6638

# Dawat-e-Islami and Its Services in the Field of Hadith: An Analytical Perspective

دعوت اسلامی کی حدیثی خدمات: ایک تجزیاتی مطالعہ

**Faizan**
faizan.shakeel.edu@gmail.com

Department of Islamic studies, Riphah international university Islamabad
**Corresponding Author: *Faizan** faizan.shakeel.edu@gmail.com

**Received:** 10-07-2025 **Revised:** 06-08-2025 **Accepted:** 20-08-2025 **Published:** 06-09-2025

## ABSTRACT

تجریدی خاکہ

دعوت اسلامی جو قرآن وسنت کی عالمگیر غیر سیاسی تحریک ہے جو کہ دنیا کے تقریبا دو سو سے زائد ممالک میں دین متین کی خدمت میں مصروف عمل ہے۔ اس تحریک کے کئی شعبہ جات ہیں اس ریسرچ آرٹیکل میں دعوت اسلامی کے تحت قائم شدہ شعبہ جات کا حدیث کے متعلق ہونے والا کام کا جائزہ لیا گیا ہے۔ ان شعبہ جات میں سے المدینۃ العلمیہ کی حدیث کے متعلق خدمات خاص طور پر قابل ذکر ہیں جو کہ 2001 سے احادیث کی نشرو اشاعت اور حدیث کی آسان وضاحت کے لیے کوشش کر رہا ہے اس ریسرچ آرٹیکل میں اس شعبہ کے تحت مختلف کتب اور شروحات کا تجزیہ کیا گیا ہے۔ جیسے فیضان ریاض الصالحین، مراۃ المناجیح، نزہۃ القاری اور جامع الاحادیث وغیرہ۔ اس کے علاوہ اس ریسرچ آرٹیکل میں دعوت اسلامی کے سوشل میڈیا پلیٹ فارمز (فیس بک انسٹاگرام) کا بھی تجزیاتی مطالعہ کیا گیا ہے، جہاں روزانہ کلینڈر سٹائل میں احادیث صحیح سند کے ساتھ شیئر کی جاتی ہیں۔ دعوت اسلامی کے مشہور و معروف مفتی ہاشم خان کی شرح جامع ترمذی اور دوسری کتابوں کا بھی جائزہ لیا گیا ہے جو کہ حدیث کے مقام پر اہم اضافہ ہے۔ ساتھ ہی اس ریسرچ آرٹیکل میں دعوت اسلامی کی شعبہ آئی ٹی کی ان کوششوں کو بھی بیان کیا گیا ہے، جس میں موبائل ایپلیکیشن اور سافٹ ویئر کے ذریعے حدیث اور درس نظامی کنٹینٹ کو ڈیجیٹل پلیٹ فارم پر مہیا کیا گیا ہے۔ جیسا کہ فیضان حدیث ایپلیکیشن اور دوسری اسلامک ایپلیکیشن اپنی مثال آپ ہیں۔ بانی دعوت اسلامی امیر اہل سنت مولانا الیاس قادری کی اربعین بھی احادیث کی نشر کا ایک اہم ذریعہ ہے جو عوام کے لیے آسان مواد فراہم کرتی ہے۔ اس ریسرچ ارٹیکل کا نتیجہ یہ سامنے اتا ہے کہ دعوت اسلامی نے احادیث کی تعلیم کو صرف کتب تک محدود نہیں رکھا بلکہ ماڈرن ٹیکنالوجی اور عوام کی ضروریات کو مد نظر رکھتے ہوئے اس علم کو عام کیا ہے یہ کوششیں ہر خاص وعام کے لیے فائدہ مند ہیں اور اسلامی تعلیم و تحقیق کے لیے ایک قابل تعریف قدم ہیں۔

**کلیدی الفاظ :** دعوت اسلامی، حدیث، المدینۃ العلمیہ، مفتی ہاشم خان، شعبہ آئی ٹی آف دعوت اسلامی۔

*Dawat-e-Islami is a global non-political organization of the Quran and Sunnah, which is engaged in the service of the pure religion in more than two hundred countries of the world. This organization has many departments. This research article examines the work of the departments established under Dawat-e-Islami related to Hadith. Among these departments, the services of Madinatul-Ilmiyah regarding Hadith are particularly noteworthy, which has been striving to disseminate Hadiths and provide easy explanations of Hadith since 2001. This research article analyzes various books and commentaries under this department, such as Faizan Riaz al-Salihin, Marat al-Munajih, Nazhat al-Qari, and Jame' al-Ahadith, etc. In addition, this research article has also conducted an analytical study of Dawat-e-Islami's social media platforms (Facebook, Instagram), where Hadiths are shared daily in a calendar style with authentic chain of transmission. The Sharh Jame'e Tirmidhi and other books by the famous Mufti Hashim Khan of Dawat-e-Islami have also been reviewed, which is an important addition to the field of Hadith. This research article also describes the efforts of Dawat-e-Islami's IT department to provide Hadith and Dars-e-Nizami content on digital platforms through mobile applications and software, such as the Faizan Hadith application and other Islamic applications. Arbaeen, the Arbaeen of Maulana Ilyas Qadri, the founder of Dawat-e-Islami, Ameer-e-Ahle-Sunnah, is also an important means of disseminating hadiths, which provides easy-to-understand content for the public.The conclusion of this research article is that Dawat-e-Islami has not limited the teaching of Hadiths to books, but has made this knowledge public by*

*keeping in mind modern technology and the needs of the people. These efforts are beneficial for everyone, both special and general, and are a commendable step for Islamic education and research.*
***Keywords:*** *Dawat-e-Islami, Hadith, Madinat-ul-Ulamiyah, Mufti Hashim Khan, IT Department of Dawat-e-Islami.*

**تعارف**

حدیث اسلام کا وہ بنیادی سرچشمہ ہے جو قران حکیم کی تفسیر تشریح اور عملی زندگی میں رہنمائی فراہم کرتا ہے۔ حدیث پاک کا جزء ہس کہ:

{نَضَّرَ اللّٰہُ امْرَ أً سَمِعَ مِنَّا حَدِیثًا فَحَفِظَهُ حَتَّى یُبَلِّغَهُ، فَرُبَّ حَامِلِ فِقْهٍ إِلَى مَنْ هُوَ أَفْقَهُ مِنْهُ، وَرُبَّ حَامِلِ فِقْهٍ لَیْسَ بِفَقِیهٍ}[1]

ترجمہ: اللہ تبارک وتعالی اس شخص کو تروتازہ رکھے جس نے ہم سے کوئی حدیث سنی، پھر اسے یاد رکھا اور دوسروں تک پہنچادیا۔ بعض اوقات ایسا ہوتا ہے کہ حدیث اٹھانے والا اس سے زیادہ فقیہ شخص تک حدیث پہنچادیتا ہے، اور کبھی ایسا بھی ہوتا ہے کہ حدیث سنانے والا خود فقیہ نہیں ہوتا۔

ہر دور میں علمائے امت نے اس علم کی حفاظت تدوین اور تشریح کے لیے بے شمار کوششیں کی ہیں۔ دعوت اسلامی جو کہ ایک دینی تنظیم ہے اس نے اپنی قیام سے لے کر اب تک اسلام کے مختلف شعبوں میں کردار ادا کیا ہے خاص طور پر حدیث کے میدان میں دعوت اسلامی کی خدمات کو نظر انداز نہیں کیا جاسکتا۔ دعوت اسلامی کے مختلف شعبہ جات کے ذریعے حدیث کی تشہیر اور فروغ کے لیے بنیادی کام کیا جارہا ہے، یہ کوششیں نہ صرف علماء اور طلبہ تک محدود ہیں بلکہ عام عوام، خاص طور پر نوجوان نسل تک بھی احادیث کو آسان اور ڈیجیٹل پلیٹ فارم کے ذریعے پہنچاتی جاتی ہیں۔

دعوت اسلامی ایک دینی تحریک ہے جو قرآن وسنت، علم دین کی اشاعت اور امت کی اصلاح کے لئے 108 سے زائد شعبہ جات میں کام کررہی ہے۔ اس ریسرچ آرٹیکل میں دعوت اسلامی کی حدیث کے متعلق کی جانے والی خدمات کا جائزہ لیا جائے گا۔ سب سے پہلے دعوت اسلامی کے شعبہ المدینۃ العلمیہ کے حدیث پر کیے جانے والے کام کا تعارف بیان کیا جائے گا، پھر ان کے فیسبوک کے آفیشل پیج پر پوسٹ کی جانے والی احادیث کا جائزہ اور اس پر تجزیہ کریں گے۔ اس کے بعد دعوت اسلامی کے مفتیان کرام کی احادیث پر کیا جانے والا کام کا مختصر جائزہ اور تعارف بیان کریں گے۔ اس کے بعد ہم مولانا الیاس قادری کی اربعین کا تعارف پیش کریں گے اور آخر میں دعوت اسلامی کے شعبہ آئی ٹی کی طرف سے احادیث کے حوالے سے بنائی جانے والی ایپلیکیشن کا جائزہ لیا جائے گا۔

**موضوع پر سابقہ کام کا جائزہ**

اس موضوع سے ملتے جلتے صرف مندرجہ ذیل کام سامنے آئیں ہیں جن تک رسائی ممکن ہو سکی۔

مجید احمد نے ایک آرٹیکل لکھا جس کا عنوان ہے کہ:

"Daʻwah Activities of the Pakistani Barelwis: Case of the Daʻwat-i-Islami"[2]

جو کہ Journal of Islamic Thought and Civilization (JITC)، Volume 10, Issue 1 (Spring 2020) میں شائع شدہ ہے۔ اس میں انہوں نے دعوت اسلامی کی دعوتی خدمات کو ذکر کیا۔

**علم دین کی اشاعت کے سلسلے میں دعوت اسلامی کی عملی جدوجہد**[3]

---

[1] مسلم بن حجّاج نیشاپوری۔ صحیح مسلم، (بیروت: دار اِحیاءِ التراث العربی، 1991ء)کتاب الزہد والرقائق، حدیث نمبر 2493۔
[2] "ریسرچ گیٹ" رسائی:23 اگست 2025۔
https://www.researchgate.net/publication/343991607_Da%27wah_Activities_of_the_Pakistani_Barelwis_Case_of_the_Da%27wat-i-Islami
[3] آرٹیکل لکھنے والے کا نام تک رسائی ممکن نہ ہو سکی۔

اس عنوان کے تحت ایک آرٹیکل لکھا گیا جس میں دعوت اسلامی کے مختلف شعبہ جات کا تعارف کروایا گیا ہے۔[4]

اسماء عزیز اور صباء طارق نے ایک آرٹیکل لکھا جس کا عنوان ہے "**منہاج القرآن اور دعوتِ اسلامی کی خدمات کا تجزیاتی مطالعہ**" جس میں انہوں نے منہاج القرآن اور دعوت اسلامی کی دعوتی خدمات کا تقابلی جائزہ لیا۔[5]

دعوت اسلامی کے حوالے سے ان کے حدیثی کام کے متعلق کام نہیں ہوا۔

## اسلوب وطریقہ تحقیق

اس ریسرچ آرٹیکل میں معیاری طریقہ تحقیق اپنا کر تجزیہ کیا گیا ہے۔ مواد جمع کرنے کے لیے دعوت اسلامی کی ویب سائٹس اور دعوت اسلامی کے مختلف شعبہ جات اور اس کی شائع ہونے والی کتب کو زیر غور لایا گیا ہے۔ جس میں المدینۃ العلمیہ کی کتب ورسائل کے ساتھ مختلف ایپلیکیشنز اور سوشل میڈیا کا بھی سہارا لیا گیا ہے۔ اور آخر میں اپنا تجزیہ بھی پیش کیا گیا ہے۔

### دعوت اسلامی کے شعبہ المدینۃ العلمیہ کی حدیث میں خدمات

علم دین وہ نور ہے جس سے جہالت کے اندھیرے دور ہوتے ہیں اور بے عملی لادینی کی نحوست ختم ہوتی ہے۔ اسکی اہمیت کو سامنے دکھتے ہوئے دعوت اسلامی نے مختلف تعلیمی، تدریسی اور تحقیقی شعبے قائم کئے جن کے ذریعے ہر عمر کے افراد کو حصول علم کے مواقع میسر آرہے ہیں اور جہالت کے اندھیرے ختم ہو رہے ہیں۔ ان شعبہ جات میں سے ایک " المدینۃ العلمیہ " بھی ہے جو 1422ھ بمطابق 2001ء سے کتب و رسائل کے ذریعے اِحیائے سنّت اور اشاعتِ علمِ دین کے لئے کوشاں ہے۔ المدینۃ العلمیہ کی کتب دلچسپ اور ذہن کو اپنی جانب کھینچ لینے والے موضوعات، عمدہ اور آسان اسلوب تحریر اور اعلیٰ معیار کی وجہ سے عوام وخواص میں مقبول ہیں۔ المدینۃ العلمیہ کے تحت ابتداءً 6 شعبے قائم کئے گئے تھے، دعوتِ اسلامی کے اس شعبے نے بھی ترقی کی اور وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ ذیلی شعبہ جات میں اضافہ ہوتا گیا، اس وقت المدینۃ العلمیہ کے تحت 17 ذیلی شعبے قائم ہیں جن میں سے ایک شعبہ فیضان حدیث بھی قائم ہے۔ اسکا ایک مختصر تعارف درج ذیل ہے۔[6]

حدیثِ نبوی قرآن پاک کی عملی وضاحت، زندگی کے تمام شعبوں میں مکمل راہ نما اور دنیا کو نجات سے ہم کنار کرانے کا بہت ہی بنیادی، مستحکم اور مضبوط ذریعہ ہے۔ حدیث پاک کے مبارک ذخائر مکمل ضابطۂ حیات فراہم کرتے ہیں جس سے فائدہ حاصل کرنے کے لئے خوب اچھی طرح پڑھنا اور سمجھنا ضروری ہے تاکہ ہم قدم قدم پر اسلام کے بیان کردہ احکامات سے مکمل آگاہی حاصل کر سکیں۔ اسی اہمیت کے پیشِ نظر اَلْمَدِیْنَۃُالْعِلْمِیّہ نے ایک ذیلی شعبہ "فیضانِ حدیث" قائم کیا تاکہ کتب ورسائل کے ذریعے احادیث سے جاری ہونے والے چشمۂ فیض سے عوام وخاص کو سیراب کیا جائے۔ اس شعبے کے تحت امام شرفُ الدین نووی رَحْمَۃُ اللہِ عَلَیْہِ کی شہرۂ آفاق تالیف "ریاض الصالحین" کی اردو شرح "فیضان ریاض الصالحین" کی 4 جلدیں شائع ہو چکی ہیں جن کا مطالعہ ظاہر و باطن کی اصلاح میں نہایت مفید اور معاون ہے، "فیضانِ ریاض الصالحین" 9 جلدوں میں شائع ہوگی یہ شرح اپنے دل نشین اندزِ تحریر اور بزرگان دین کی شروحات حدیث کا نچوڑ ہونے کی وجہ سے اس موضوع پر نہایت اہم اضافہ ثابت ہوگی۔[7]

عام لفظوں میں اگر کہا جائے تو یہ ایک ریسرچ سنٹر ہے جو دعوت اسلامی ہی کے علماء و متخصصین علماء ومفتیان کرام پر مشتمل ہے اور ان کی شائع ہونے والی کتب کا مختلف زبانوں میں ترجمہ بھی کیا جاتا ہے۔ اب ان کی احادیث کے متعلق شائع ہونے والی مختلف کتب کے نام یہاں ذکر کرنے کی کوشش کرتا ہوں۔

---

[4] "دعوت اسلامی نیوز"رسائی: 23 اگست 2025
https://news.dawateislami.net/ilm-e-deen-ki-ishaat-me-dawat-e-islami-jiddo-jahad?utm

[5] ال آفاق جرنل، رسائی:23 اگست 2025۔
http://alaafaqjournal.com/index.php/alaafaq/article/view/54

[6] "دعوت اسلامی نیوز" رسائی:24 اگست 2025۔
https://news.dawateislami.net/category/majlis-almdina-tul-ilmia-ka-taruf .

[7] "دعوت اسلامی نیوز" رسائی:24 اگست 2025۔
https://news.dawateislami.net/category/majlis-almdina-tul-ilmia-ka-taruf .

1: **المتجر الرابح في ثواب العمل الصالح** ایک عربی زبان میں نیک اعمال کے فضائل پر لکھی گئی تالیف ہے، جن کے مؤلف حافظ محمد شرف الدین عبد المؤمن بن خلف دمیاطی ہیں اور اس میں 2000 سے زائد مستند احادیث ہیں اس کتاب کو اردو زبان میں بنام "جنت میں لے جانے والے اعمال" شائع ہو چکی ہے۔

2: کبیرہ گناہوں کی معرفت پر مشتمل منفرد اور معرکۃ الآراء تالیف **اَلزَّوَاجِرُ عَنِ اقْتِرَافِ الْکَبَائِرِ** ترجمہ بنام "جہنم میں لے جانے والے اعمال" اس کی دو جلدیں جن کے مُؤلف شیخ الاسلام شہاب الدین امام احمد بن حجر المکی الھیتمی الشافعی علیہ رحمۃ اللہ القوی اَلْمُتَوَفّٰی ۹۷۴ھ ہیں، شائع ہو چکی ہے۔

3: **مرآۃ المناجیح شرح مشکوٰۃ المصابیح** جو کہ مفتی احمد یار خان نعیمی کی شرح ہے 8 جلدوں پر مشتمل ہے اور شائع بھی ہو چکی ہے۔

4: قرآن وحدیث کی روشنی میں شفاعتِ مصطفی کے ثبوت پر انتہائی مختصر وجامع تحریر اِسْمَاعُ الْاَرْبَعِیْن فِیْ شَفَاعَۃِ سَیِّدِ الْمَحْبُوْبِیْن کی تسہیل و تخریج بنام شفاعت کے متعلق 40 حدیثیں جن کے مصنف اعلیٰ حضرت امام اہلسنّت مولانا شاہ احمد رضا خان رَحْمَۃُ اللہِ تَعَالٰی عَلَیْہ ہیں۔

5: **انوار الحدیث** جو کہ مفتی جلال الدین امجدی کی تالیف ہے اس میں 554 احادیث اور 474 مسائل بیان کیے گئے ہیں۔

6: **نزھۃ القاری شرح صحیح البخاری** جس کے مصنف مفتی محمد شریف الحق امجدی ہے اور جیسا کہ نام سے واضح ہے بخاری کی شرح ہے **مکمل** 5 جلدوں میں شائع ہو چکی ہے۔

7: امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ کی تقریباً تین سو تصانیف سے ماخوذ (۳۶۶۳) احادیث و آثار اور (۵۵۵) افاداتِ رضویہ پر مشتمل علوم و معارف کا گنج گرانمایہ المختارات الرضویہ من الاحادیث النبویہ والاثار المرویہ المعروف بہ **جامع الاحادیث** مع افادات جس کی تقدیم، ترتیب، تخریج، ترجمہ مولانا محمد حنیف خاں رضوی بریلوی نے کی ہے، جو کہ صدر المدرسین جامعہ نوریہ رضویہ بریلی شریف تھے۔ 6 جلدوں پر مشتمل ہے۔

8: نوادر الحدیث چالیس حدیثوں کا ترجمہ اور شرح المعروف **منتخب حدیثیں**، مؤلف شیخ الحدیث حضرت علامہ عبد المصطفیٰ اعظمی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللہِ الْغَنِی ہیں۔

9: **نصاب اصول حدیث مع افادات رضویہ** جو کہ امام احمد رضا کی تالیف ہے اصول حدیث پر ایک آسان اور ابتدائی کتاب ہے۔

10: **اربَعِیْنِ حَنَفِیَّہ** نماز سے متعلق چالیس احادیث کا مجموعہ ہے، جس میں اختلافی مسائل میں حنفی مذہب کی تقویت نہایت مدلل انداز میں بیان کی گئی ہے۔ مؤلف فقیہ اعظم حضرت علامہ ابو یوسف محمد شریف نقشبندی کوٹلوی، قدّس سرّہ العزیز (متوفٰی ۱۹۵۱) ہیں۔[8]

**سوشل میڈیا (فیسبوک) کے ذریعے دعوت اسلامی کی حدیث کی خدمات**

دعوت اسلامی کے دیگر شعبہ جات کی طرح ایک شعبہ سوشل میڈیا بھی ہے جس کا مقصد نوجوانوں میں علم دین، احادیث، اور اخلاقیات کی تربیت کرنا ہے۔ کیونکہ آجکل ہمارے بچے بچے کے پاس موبائیل فون ہے اور لوگ اپنی زندگی کا ایک اچھا خاصا وقت اپنے موبائیل کو استعمال کرتے ہوئے گزارتے ہیں۔ اور تقریبا ہر پانچ میں سے تین افراد کے پاس موبائیل فون لازمی ہوتا ہے اور اسی طرح تقریبا ہر موبائیل میں مشہور سوشل میڈیا ایپس بھی انسٹال رہتی ہیں، یہ آجکل کی ایک ضرورت بھی بن چکی ہے اور مثبت و منفی دونوں طریقوں سے استعمال ہوتی ہے چونکہ ہر شخص کو اس کے منفی استعمال سے جبراً روک نہیں سکتے تو بہتر طریقہ یہی ہے کہ آپ اس فیلڈ میں مثبت طریقے سے کام کریں تو اسی کے پیش نظر دعوت اسلامی نے اس شعبہ کا قیام عمل میں لایا جو وقتاً فوقتاً موقع محل کے لحاظ سے مختلف دینی، اسلامی، علمی، پوسٹیں جن میں شارٹ احادیث، صحابہ کرام و اسلاف کے اقوال وہ بھی آسان اور سہل انداز میں تخریج اور حوالہ جات کے ساتھ

[8] "دعوت اسلامی بکس لائبریری" رسائی: 24 اگست 2025-
https://www.dawateislami.net/bookslibrary/ur/search?categories=%5B4%5D&pn=1&filterLang=ur

اپنے سوشل میڈیا(فیسبک، انسٹاگرام، واٹس، ایپ گروپ اور چینلز، ایکس، یوٹیوب وغیرہ) پر پوسٹ کرتا ہے اور اگر آپ چاہیں تو اس کار خیر میں آپ بھی رضاکارانہ طور پر اپنی خدمات دے سکتے ہیں۔

اب ہم یہاں پہلے ان کے تمام آفیشل اکاؤنٹس کے نام ذکر کر رہے ہیں۔

**Table: Facebook accounts**

| No | Name account |
|---|---|
| 1 | Dawateislami[9] |
| 2 | Dawateislami English[10] |
| 3 | Maulana Ilyas Qadri[11] |
| 4 | Haji Imran Attari[12] |
| 5 | Abdul Habib Attari[13] |
| 6 | Maulana Ubaid Raza[14] |
| 7 | Haji Shahid Attari[15] |
| 8 | Darul ifta ahlesunnat[16] |
| 9 | Madani news[17] |
| 10 | Madani channel [18] |
| 11 | Rohani ilaj[19] |

[9] https://www.facebook.com/dawateislami.net
[10] https://www.facebook.com/DawateIslamiEnglish/
[11] https://www.facebook.com/IlyasQadriZiaee
[12] https://www.facebook.com/maulanaimranattari/
[13] https://www.facebook.com/AbdulHabibAttari
[14] https://www.facebook.com/UbaidRazaJA
[15] https://www.facebook.com/ShahidAttariOfficial/
[16] https://www.facebook.com/DaruliftaAhlesunnat/
[17] https://www.facebook.com/MadaniNews/
[18] https://www.facebook.com/MadaniChannelOfficial/
[19] https://www.facebook.com/RohaniIlajIstikhara

یہ تمام دعوت اسلامی کے آفیشل فیسبوک اکاؤنٹس ہیں جو احادیث کا علم وہ بھی سہل انداز میں لوگوں تک پہنچانے کی اوشش کر رہے ہیں۔ ان میں سے ہر روز ایک کلینڈر کی پوسٹ کی جاتی ہے جس میں تاریخ و دن کے ساتھ ساتھ ایک حدیث روزانہ شامل ہوتی ہے، یہاں پر آخری پانچ احادیث کو قلم بند کرنے کی کوشش کرتا ہوں۔

**21 شوال المکرم 1445ھ 30 اپریل 2024 منگل کو شائع ہونے والی حدیث:**

"فرمان آخری نبی صلی اللہ علیہ وسلم تم اپنے گھر والوں کو مالدار چھوڑ کر جاؤ یہ اس سے بہتر ہے کہ تم انہیں محتاج چھوڑو کہ وہ لوگوں کے آگے ہاتھ پھیلاتے رہیں۔[20]"

**20 شوال المکرم 1445ھ 29 اپریل 2024 پیر کی حدیث:**

"اے نوجوانوں کے گروہ! تم میں سے جو کوئی نکاح کر سکتا ہے وہ ضرور نکاح کرے کہ یہ نگاہوں کو جھکانے اور شرمگاہ کی حفاظت کا ذریعہ ہے اور جو نکاح نہیں کر سکتا وہ روزے رکھے کہ روزہ شہوت کو ختم کرتا ہے۔[21]"

اسی طرح یکم مئی 2024 کو شائع ہونے والی حدیث کہ: "مزدور کا پسینہ خشک ہونے سے پہلے اس کی مزدوری ادا کرو[22]"

2 مئی 2024 کی حدیث کہ: "تم زمین والوں پر رحم کرو، آسمان کی بادشاہت والا تم پر رحم فرمائے گا "

آپ اس طرح دیکھ سکتے ہیں کہ کس احسن طریقے سے احادیث کو عام کیا جارہاہے، یہ تو صرف چند ایک مثالیں تھی جو ان کے پیج پر ڈیلی کلینڈر کی صورت میں ہم تک پہنچتی ہے اور اس کے علاوہ موقع و محل کے اعتبار سے وقتاً فوقتاً ہم تک پہنچتی ہیں، یہاں اس بات کے قطع نظر کہ یہ احادیث صحیح ہے حسن ہے مشہور ہے کہ یہاں احادیث کی اقسام کی بحث نہیں کی جارہی البتہ یہ کہ کم از کم یہاں موضوع اور من گھڑت احادیث نہیں پوسٹ کی جاتی اور کوئی بھی حدیث بغیر کسی تحقیق اور مستند علماء سے تصدیق کروا کر ہی پوسٹ کی جاتی ہے۔

**دعوت اسلامی کے مفتیان کرام کا حدیث پر کیا جانے والے کام کا تعارف و تجزیہ**

دعوت اسلامی کے مفتیان کرام میں سے ایک استاذ الفقہ والحدیث ابو الحسن محمد ہاشم خان بھی ہیں، آپ کئی ایک کتب کے مصنفین ہیں اور کئی عرصے سے دار الافتاء میں خدمات سرانجام دے رہے ہیں ساتھ ہی آپ دعوت اسلامی کے جامعۃ المدینہ جوہر ٹاؤن لاہور میں تخصص فی الفقہ اور تخصص فی الحدیث کی کلاس بھی پڑھاتے ہیں، ساتھ ساتھ کتابت و تصانیف کا سلسلہ کو بھی جاری رکھا ہوا ہے۔ آپ کے قلم سے اب تک کئی کتابیں منظر عام پر آچکی ہیں، جن کے نام یہ ہیں:

(1) نصاب التجوید

(2) نصاب النحو

(3) نصاب الصرف

(4) نصاب المنطق

---

[20] Muḥammad ibn Ismāʿīl al-Bukhārī, *al-Jāmiʿ al-Ṣaḥīḥ* (Ṣaḥīḥ al-Bukhārī), Kitāb al-Waṣāyā, ḥadīth no. 2742 (Beirut: Dār Ibn Kathīr, 1987), 4:17.
[21] al-Bukhārī, *al-Jāmiʿ al-Ṣaḥīḥ (Ṣaḥīḥ al-Bukhārī)*, Kitāb al-Nikāḥ, ḥadīth no. 5066 (Beirut: Dār Ibn Kathīr, 1987), 6:117.
[22] Ibn Mājah, Muḥammad ibn Yazīd. *Sunan Ibn Mājah*, Kitāb al-Ruhūn, ḥadīth no. 2443 (Beirut: Dār al-Kutub al-ʿIlmiyyah, 1998), 2:817.

(5)قرآن وحدیث اور عقائد اہل سنت

(6)فیضان فرض علوم(حصہ اول و دوم)

(7)خطبات ربیع النور

(8)حضور غوث اعظم اور عقائد و نظریات

(9)حضرت ابراہیم علیہ السلام اور سنت ابراہیمی

(10)احکام تعویزات مع تعویزات کا ثبوت

(11)احکام عمامہ مع سبز عمامہ کا ثبوت

(12)حکومت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی

(13)معراج مصطفی اور معمولات و نظریات

(14)محرم الحرام اور عقائد و نظریات

(15)احکام لقمہ مع لقمہ کا احادیث سے ثبوت

(16)احکام داڑھی مع جسم کے دیگر بالوں کے احکام

(17)تلخیص فتاوی رضویہ (جلد 5 تا10) (18)احکام تراویح واعتکاف مع روزے کے اہم مسائل

(19)شرح جامع ترمذی(4جلدیں)

(20)اعلی حضرت امام احمد رضا خان علیہ الرحمۃ کی ایک اہم کتاب "مطلع القمرین فی ابانۃ سبقۃ العمرین" کے مخطوطے پر کام کیا اور اس کو تقدیم و تکمیل و تحقیق اور تخریج و ترجمہ کے ساتھ بنام "افضلیت ابو بکر و عمر رضی اللہ عنہما" شائع کیا۔

چونکہ اس اسائنمنٹ میں ہم نے حدیثی خدمات کا جائزہ لینا ہے تو آپ نے حدیث پر جامع ترمذی کی 4 جلدوں پر ایک جامع شرح اردو میں لکھی جس پر انہیں بڑے بڑے علماء نے سراہا اور خوب داد دی، ان علماء میں سے محمد صدیق ہزاروی صاحب کے ملفوظات یہ ہیں

" جامع ترمذی کی ایک ایسی شرح کی اشد ضرورت تھی جس سے قاری کو اپنے ہر سوال کا جواب ملے اور اس کو علمی تشنگی باقی نہ رہے لیکن آج تک اس کی طرف کی کسی کی توجہ مبذول نہ ہوئی۔ اللہ تعالی حضرت استاذ العالم مفتی محمد ہاشم زید مجدہ کو جزائے خیر عطا فرمائے جنہوں نے اس عظیم کام کا بیڑا اٹھایا۔ راقم نے آپ کی اس کاوش کا پہلا حصہ یعنی شرح جامع ترمذی کی پہلی جلد کو مختلف مقامات سے دیکھا تو اسے کئی خوبیوں کا حامل پایا۔

**پہلی بات** تو یہ کہ شرح زیادہ طویل نہیں جس کے باعث قاری ملال محسوس کرے اور اتنی مختصر بھی نہیں کہ علمی تشنگی کا ازالہ نہ ہو سکے۔

**دوسری بات** یہ کہ آپ حدیث نقل کر کے اس کے ترجمہ اور مختصر تشریح کے بعد اس حدیث میں مندرج فقہی مسئلہ کے بارے میں چاروں ائمہ (حضرت امام ابو حنیفہ حضرت امام مالک، حضرت امام شافعی اور حضرت امام احمد بن حنبل رحمہم اللہ) کا موقف بحوالہ ذکر کرتے ہیں۔ اور اگر وہ حدیث احناف کے موقف کی تائید میں نہ ہو تو اس کی وضاحت بھی کرتے ہیں اور احناف کے موقف کو دیگر احادیث کے ذریعے واضح کرتے ہیں۔

**تیسری بات** یہ کہ حدیث سے مستنبط مسائل کو اختصار مگر جامعیت کے ساتھ ذکر کرتے ہیں۔

**چوتھی بات** اور اس شرح کی یہ اہم خوبی ہے کہ فقیہ اسلام حضرت امام احمد رضا فاضل بریلوی رحمہ اللہ کے فتاوی رضویہ سے فقہی مسائل شامل فرماتے ہیں۔

**پانچویں بات** علامہ مفتی محمد ہاشم زید مجدہ اپنی اس شرح میں فقہ کے علاوہ دیگر کئی علوم کی طرف اشارہ بھی فرماتے ہیں۔
**چھٹی بات** یہ کہ دور حاضر کے مطابق آپ حوالہ جات کے انبار لگاتے ہیں۔

**ساتویں بات** جہاں فنی بحث آتی ہے اسے بھی خوب آشکار کرتے ہیں مثلا یہ سوال ہوتا ہے کہ امام ترمذی رحمہ اللہ حدیث کی دو قسموں کو اکٹھا کرتے ہیں مثلا ایک ہی حدیث حسن بھی اور صحیح بھی کہتے ہیں اسی طرح کسی حدیث کے بارے میں حسن اور غریب دونوں باتیں فرماتے ہیں تو حضرت مفتی صاحب اس کی وضاحت بھی فرماتے ہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ ایک طالب علم یا عام قاری کو احادیث مبارکہ سمجھنے یا ان سے علمی، روحانی اور اصلاحی استفادہ کے لئے جن جن امور کی ضرورت پڑتی ہے وہ سب کچھ اس شرح میں موجود ہے۔

اور آخری بات یہ کہ '' الفضل للمتقدم '' کے تحت آپ مبارک باد کے مستحق ہیں کہ جامع ترمذی کی شرح کے لئے آپ نے سب سے پہلے قدم اٹھایا"۔[23]

**بانی دعوت اسلامی کی اربعین**

" نبی کریم صلَّی اللہ تعالی علیہ واٰلہ وسلَّم کا فرمان: جو شخص میری امت تک پہنچانے کے لئے دین کے متعلق 40 حدیثیں یاد کرلے گا تو اُسے اللہ پاک قیامت کے دن عالم دین کی حیثیت سے اٹھائے گا اور بروز قیامت میں اُس کا شفیع اور گواہ ہوں گا۔[24] اس سے مراد 40 احادیث کا لوگوں تک پہنچانا ہے اگر چہ وہ یاد نہ ہوں۔ اسلامک ریسرچ سینٹر (المدینۃ العلمیۃ) نے بانی دعوت اسلامی محمد الیاس عطار قادری کے ہاتھوں سے تحریر ہونے والی حدیثوں کو جمع کرنے کی کوشش کی ہے اور 41 صفحات پر مشتمل ایک رسالہ بنام ''اربعین عطار'' تیار کیا ہے۔[25]"

اس اربعین میں جو احادیث ذکر کی گئی ہیں المدینۃ العلمیۃ نے ان احادیث کو شرح کے ساتھ شائع کیا ہے تاکہ عوام الناس بھی اس سے فائدہ اٹھا سکے اور احادیث کے معانی و مطالب سے اچھی طرح واقف ہو سکے۔

میرے مطالعے کے مطابق اس اربعین میں جو احادیث جمع کی گئی ہیں ان میں سے اکثر احادیث اخلاقیات، معاملات، حقوق العباد، حقوق اللہ، نیک اعمال کے فضائل سے متعلق ہیں۔

**دعوت اسلامی کے شعبہ IT کی حدیث کے حوالے سے خدمات۔**

دعوت اسلامی کے شعبہ جات میں ایک اہم اور نمایاں شعبہ انفارمیشن ٹیکنالوجی ہے اس شعبے نے دعوت اسلامی کی ابتدائی جدوجہد سے ہی امیر اہل سنت حضرت مولانا الیاس قادری کے بیانات اور محافلِ نعت کو آڈیو کی شکل میں ریکارڈ کرکے انٹرنیٹ کے ذریعے دنیا بھر میں پہنچانے کا کام شروع کیا۔ جیسے جیسے وقت کے ساتھ ساتھ ٹیکنالوجی ترقی کرتی گئی، آئی ٹی ڈیپارٹمنٹ نے بھی اپنے دائرہ کار کو وسیع سے وسیع تر کیا اور دعوت اسلامی کے دینی، تعلیمی اور تنظیمی کاموں کو جدید انداز میں دنیا کے سامنے پیش کرنے کے لئے بے شمار کاوشیں کیں۔ 1997ء میں محض ایک کمرے اور چند افراد پر مشتمل یہ ڈیپارٹمنٹ آج ایک وسیع و عریض اور خوبصورت عمارت میں قائم ہے جہاں 120 سے زائد ماہرین اپنی خدمات سر انجام دے رہے ہیں جن میں پروفیشنل سافٹ ویئر انجینئرز، ایس ای او ایکسپرٹس، کوالٹی اشورنس ایکسپرٹس، ڈیٹا اینالائزماہرین، ڈیزائنرز، مواد نگار اور اسلامی اسکالرز شامل ہیں۔ اس ڈیپارٹمنٹ کے ذیلی شعبہ جات بھی ہیں جن میں تین بڑے شعبے شامل ہیں (1): انفراسٹرکچر ڈیپارٹمنٹ (2) آپریشن اینڈ مارکیٹنگ ڈیپارٹمنٹ (3) سافٹ ویئر اپیلی کیشنز ڈیپارٹمنٹ۔ انفراسٹرکچر ڈیپارٹمنٹ چار ستونوں پر مشتمل ہے جن میں سینئر مینجمنٹ، نیٹ ورک مینجمنٹ، ہیلپ ڈیسک سپورٹ مینجمنٹ اور انٹرنل آئی ٹی آڈٹ مینجمنٹ شامل ہیں جو آئی ٹی کے تمام معاملات میں رہنمائی فراہم کرتے اور مستقبل کے منصوبے تیار کرتے ہیں۔ اسی طرح آپریشن اینڈ مارکیٹنگ ڈیپارٹمنٹ کے تحت ایچ آر، ویب آپریشن، ایس ای او اور شریعت کمپلائنس جیسے اہم شعبے کام کرتے ہیں جو انتظامی، مارکیٹنگ اور شرعی پہلوؤں سے خدمات انجام دیتے ہیں۔ تیسرا اہم حصہ سافٹ ویئر اپیلی کیشن ڈیپارٹمنٹ ہے جو دعوت اسلامی کے تعلیمی، دینی، تنظیمی اور تحقیقی کاموں کے لئے موبائل اپیلی کیشنز اور سافٹ ویئر تیار کرتا

---

[23] ہاشم قادری، شرح جامع ترمذی (لاہور: شبیر برادر، تاریخِ اشاعت:فروری 2016 )، جلد ۱، صفحہ ۳۷۔
[24] احمد بن حسین بن علی البیہقی، شعب *الایمان*، جلد ۲ (بیروت: دار الکتب العلمیہ، ۱٤۱۰ھ/۱۹۹۰ء) ، صفحہ ۲۷۰، حدیث: ۱۷۲٦۔ (
[25] نیوز دعوت اسلامی ، رسائی 25 اگست 2025۔
https://news.dawateislami.net/arbaeen-e-attar

ہے۔اس میں ای آر پی ٹیم، ویب ایپ ٹیم، ڈونیشن ٹیم، ڈیزائننگ ٹیم اور موبائل ڈیولپمنٹ ٹیم شامل ہیں۔ الحمدللہ ! اب تک اس ڈیپارٹمنٹ کی کاوشوں سے 39 سے زائد موبائل ایپلی کیشنز تیار کی جاچکی ہیں جن میں کئی براہ راست قرآن وحدیث کی خدمت سے متعلق ہیں جیسے مدنی قاعدہ، القرآن الکریم، قرآن ٹیچر، معرفت القرآن، سیرت الجنان) تفسیر القرآن (اور فیضانِ حدیث۔ اسی طرح اسلامی نظامِ عبادات اور دیگر موضوعات پر بھی متعدد ایپلی کیشنز بنائی گئی ہیں جیسے نماز کے اوقات، حج وعمرہ اور مسلمان کے جنازے سے متعلق ایپس جن سے دنیا بھر کے لاکھوں افراد فیضیاب ہورہے ہیں۔[26]

## نتائج

اس آرٹیکل میں دعوت اسلامی کی حدیثی خدمات کا جائزہ لیا گیا اور اس ریسرچ کے دوران یہ بات محسوس کی گئی کہ انکا احادیث پر کام اگرچہ کم ہے مگر جس طرح دعوت اسلامی نے جدید ٹیکنالوجی کی مدد سے امت تک حضور علیہ السلام کی احادیث کو پہنچانے کی سعی کی گئی ہے وہ قابل تحسین ہے۔

دعوت اسلامی کے مفتی ہاشم صاحب نے شرح جامع ترمذی کی شرح جوار دو زبان میں لکھی اور ان کی دوسری حدیث کے حوالے سے کتب قابل دید ہیں۔

دعوت اسلامی کے شعبہ المدینۃ العلمیہ کا حدیث کے متعلق کیا جانے والا کام بھی لائق داد و تحسین ہے کہ ابھی اس شعبہ کو قائم ہوئے اتنا عرصہ دراز نہیں ہوا۔

دعوت اسلامی کا ڈیجیٹل پلیٹ فارم پر حدیث کے متعلق کام بھی سراہنے کے قابل ہے اور دعوت اسلامی کے شعبہ آئی ٹی کا مختلف ایپلیکیشنز کے ذریعے بھی احادیث کو عام کرنے کی سعی کی جارہی ہے۔

## سفارشات

مدنی چینل پر ایک مستقل" حدیث پروگرام "شروع کیا جائے جہاں روزانہ کچھ احادیث کی شرح اور عملی پہلو بیان کیے جائیں۔

جامعات اور اسلامی تحقیقی اداروں کے ساتھ تعاون کے ذریعے مشترکہ تحقیقی منصوبے شروع کیے جائیں۔

دعوتِ اسلامی کا آئی ٹی ڈیپارٹمنٹ ایک" حدیث سرچ انجن "تیار کرے جہاں سند، متن اور کلیدی الفاظ کے ذریعے حدیث تلاش کی جاسکے۔

حدیثی ایپلیکیشنز میں" کویز "اور" انٹرایکٹو لرننگ ٹولز "شامل کیے جائیں تاکہ صارفین اپنا علم پرکھ سکیں اور سیکھنے کا جذبہ بڑھے۔

## موضوع پر مزید کام کرنے کی سفارشات

تقابلی مطالعہ کیا جائے کہ دعوتِ اسلامی کی حدیثی خدمات کا انداز اور اثرات دیگر اسلامی تنظیمات سے کس طرح مختلف ہیں۔

دعوتِ اسلامی کی حدیث سے متعلق ایپس کے صارفین کے تجربات اور فیڈبیک پر ایک تجزیاتی ریسرچ لکھی جائے۔

مستقبل میں ایک طویل مدتی تحقیق کی جائے کہ ڈیجیٹل حدیثی خدمات سے طلبہ اور عوام کی دینی سوچ اور عمل پر کیا اثرات مرتب ہو رہے ہیں۔

## مصادر و مراجع

[26] آئی ٹی ڈیپارٹمنٹ دعوت اسلامی کا تعارف اور خدمات: رسائی: 27 اگست 2025۔
https://news.dawateislami.net/category/introduction-of-it-department

Muḥammad ibn Ismāʿīl al-Bukhārī, *al-Jāmiʿ al-Ṣaḥīḥ* (Ṣaḥīḥ al-Bukhārī), Kitāb al-Waṣāyā, ḥadīth no. 2742 (Beirut: Dār Ibn Kathīr, 1987),

مسلم بن حجّاج نیشاپوری۔ صحیح مسلم،(بیروت: دار احیاءِالتراث العربی،1991ء)

Ibn Mājah, Muḥammad ibn Yazīd. *Sunan Ibn Mājah*, Kitāb al-Ruhūn, ḥadīth no. 2443 (Beirut: Dār al-Kutub al-ʿIlmiyyah, 1998),

احمد بن حسین بن علی البیہقی، شعب الایمان، جلد ۲ (بیروت: دار الکتب العلمیہ، ۱۴۱۰ھ / ۱۹۹۰ء)

ہاشم قادری، شرح جامع ترمذی(لاہور: شبیر برادر، تاریخ اشاعت:فروری 2016)

ریسرچ گیٹ" رسائی:23 اگست 2025۔

https://www.researchgate.net/publication/343991607_Da%27wah_Activities_of_the_Pakistani_Barelwis_Case_of_the_Da%27wat-i-Islami

دعوت اسلامی نیوز"رسائی: 23 اگست 2025

https://news.dawateislami.net/ilm-e-deen-ki-ishaat-me-dawat-e-islami-jiddo-jahad?utm

ال آفاق جرنل، رسائی:23 اگست 2025۔

http://alaafaqjournal.com/index.php/alaafaq/article/view/54

دعوت اسلامی بکس لائبریری" رسائی: 24 اگست 2025۔

https://www.dawateislami.net/bookslibrary/ur/search?categories=%5B4%5D&pn=1&filterLang=ur

نیوز دعوت اسلامی، رسائی 25 اگست 2025۔

https://news.dawateislami.net/arbaeen-e-attar

آئی ٹی ڈیپارٹمنٹ دعوت اسلامی کا تعارف اور خدمات: رسائی: 27 اگست 2025۔

https://news.dawateislami.net/category/introduction-of-it-department